25784 ـ گولیاں کھانے کے بعد ماہواری میں خلل پیدا ہونا

سوال

ایک عورت نے مانع حمل گولیاں اور انجیکشن استعمال کیے جس کی بنا پر ماہواری میں بے قاعدگی اور خلل پیدا ہو گیا، چنانچہ اسے دس یوم جو کہ اس کی ماہواری ہے خون آتا ہے، اور پھر دس یوم تك نہیں، لیکن دس دن کے بعد دوبارہ خون آ جاتا ہے اس کا شرعی حکم کیا ہو گا ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

اگر عورت کی ماہواری میں عادت سے ہٹ کر خلل پیدا ہو جائے تو وہ امتیاز پر عمل کرےگی، اس لیے جب حیض کا خون جو کہ سیاہ اور اس کی بو معروف ہوتی ہے دیکھے تو نماز روزہ ترک کر دے حتی کہ خون بند ہو جائے.

الشیخ عبد الکریم الخضیر.

یہ اس وقت ہے جب مہینہ میں ماہواری کے مکمل ایام پندرہ یوم سے زیادہ نہ ہوں.